سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ 'ڈکشنری' کی دستاویز' میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# سماجی بہبود

# SERVEIS SOCIALS

## گفتگو نمبر 1۔ زیرِ کفالت بچوں کیلئے مالی امداد

**Diàleg 1: Prestació econòmica de caràcter universal per a infants a càrrec**

## گفتگو نمبر 2۔ معذور افراد کیلئے مختلف امدادی پروگرام

**Diàleg 2: Exemple d'ajuts a les persones amb disminució**

## ۔گفتگو نمبر 3۔ معذوری کے بارے حد معلوم کرنا

**Diàleg 3: Reconeixement del grau de disminució**

## ۔گفتگو نمبر 4۔ نشہ کے عادی افراد (toxicòmanes) کی بہتری کیلئے امدادی پروگرام

**Diàleg 4: Ajuts per a la rehabilitació de persones toxicòmanes**

## گفتگو نمبر 5۔ بچوں کی پرورش۔ان کے ساتھ پروگرام (Crèixer amb tu)

**Diàleg 5: Programa "Crèixer amb tu"**

## ۔گفتگو نمبر 6۔ نئی ٹیکنالوجی تک رسائی کیلئے سماجی منصوبہ

**Diàleg 6: Sobre el projecte social d'accès a les noves tecnologies " Òmnia "**

## گفتگو نمبر 7۔ پروگرام 'متحرک نوجوان'

**Diàleg 7: Programa "Jove en Acció"**

## گفتگونمبر 1۔ زیرکفالت بچوں کیلئےمالی امداد

خواہشمند خاتون۔ اسلام علیکم ۔زیر کفالت بچوں کیلئے مالی امداد بارے معلومات لینا چاہتی تھی ۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ وعلیکم اسلام ۔پورے خاندان کیلئے تین سال سے کم عمر بچوں کیلئے ہوتی ہے۔ بڑے خاندان جس میں ایک ہی ماں باپ کے تین یا تین سے زائد بچے ہوں ان کے لئے چھ سال تک کے بچوں کیلئے امداد مل سکتی ہے

خواہشمند خاتون۔ اس کا مطلب ہے کہ جب تک میرے بچے تین سال سے کم عمر ہیں میں ہر سال یہ مدد حاصل کر سکتی ہوں ۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ جی ہاں اس کیلئے درخواست دینا پڑتی ہے اور آپ کو سال بھر یہ امداد ملتی رہے گی ۔

خواہشمند خاتون۔ اس سلسلے میں کن دستاویزات کی ضرورت ہوگی ۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ درخواست دہندہ کی شناختی دستاویز۔فیملی بک اور ان کی نقول ور ایک فارم بھرنا ہوگا

خواہشمند خاتون۔ اس کیلئے کہاں درخواست دینا ہوگی ۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ شہری معلوماتی دفاتر میں ۔اس سلسلے میں ٹیلی فون 012 اور ٹیلی فون 45 23 01 902 پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔سب سے پہلے آپ کو گھر کے پتہ پر فارم بھیجا جائے گا جس کے ساتھ ایک معلوماتی صفحہ ہوگا جس میں آپ کو مالی امداد کے حصول بارے تمام معلومات حاصل ہوں گی

خواہشمند خاتون۔ بہت بہتر ۔معلومات دینے پر آپ کا بہت بہت شکریہ

OAC** معلوماتی دفتر۔ خدا حافظ

OAC*: Oficina d'Acció Ciutadana شہریوں کی مدد و رہنمائی کا دفتر

## Diàleg 1: Prestació econòmica de caràcter universal per a infants a càrrec

**Usuària:** - Bon dia. Vull informació sobre la prestació econòmica per tenir infants a càrrec.

**OAC*:** - Bon dia. Hi tenen dret totes les famílies amb fills menors de 3 anys. Per a famílies nombroses (3 infants o més) o famílies monoparentals és fins als 6 anys.

**Usuària:** - Aleshores, la puc demanar cada any, mentre els meus fills i filles siguin menors de 3 anys?

**OAC*:** - Sí. Es fa una sol·licitud i rebrà un ajut econòmic anual.

Usuària: - I quina documentació demaneu?

**OAC*:** - L'original i la fotocòpia dels documents identificadors de la persona sol·licitant, i l'original i la fotocòpia del llibre de família, juntament amb l'imprès de la sol·licitud.

**Usuària:** - I on es tramita?

**OAC*:** - A les Oficines d'Acció Ciutadana, al telèfon 012 i al telèfon 902 01 23 45. Primer rebrà l'imprès de presol·licitud al seu domicili i un full d'instruccions que explica com fer la confirmació de la prestació econòmica.

**Usuària:** - Molt bé. Gràcies per la informació.

**OAC*:** - A reveure.

* **OAC: Oficina d'Acció Ciutadana**

## گفتگو نمبر 2۔ معذور افراد کیلئے مختلف امدادی پروگرام

خواہشمند۔ اسلام وعلیکم ۔میرا ایک بیٹا ذہنی مریض ہے۔ میں اس سلسلے میں حکومتی مالی امداد بارے جاننا چاہتا ہوں۔؟

CAD** معلوماتی دفتر۔ وعلیکم اسلام ۔برائے مہربانی تشریف رکھئے۔ آپ کے بیٹے کی کتنی عمر ہے۔؟

خواہشمند۔ اس کی عمر 18 سال ہے

CAD** معلوماتی دفتر۔ کتنے فیصد معذوری کا شکار ہے۔؟

خواہشمند۔ اس کے پاس جو معذوری بارے سرٹیفکیٹ ہے اس میں 65 فیصد معذوری درج ہے۔لیکن میں یہ جاننا چاہتا تھا کہ کیا میرا بیٹا کوئی کام یا کسی قسم کی کوئی دوسری سرگرمی کرسکتا ہے یا نہیں۔؟

CAD** معلوماتی دفتر۔ اس سلسلے میں اسے افرادی قوت بارے قائم کمیٹی کے سامنے انٹرویو کیلئے پیش ہونا ہوگا۔ جہاں اس کی معاشرتی ۔ پیشہ وارانہ اور ترقیاتی صلاحیتوں بارے رپورٹ تیار کی جائے گی۔ اس کے بعد ہی اس کیلئے مناسب کام یا سرگرمیوں بارے اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور اسے کس مرکز میں بھیجا جاسکتا ہے۔

خواہشمند۔ ایسے مراکز میں کس قسم کی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔؟

CAD** معلوماتی دفتر۔ مختلف قسم کے مراکز موجود ہیں۔ پیشہ وارانہ مراکز میں ایسے افراد کی تربیت کیلئے مختلف قسم کے کورس اور ورکشاپ ہوتی ہیں جو انہیں کسی جگہ کام کیلئے تیار کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ دوسری اضافی سرگرمیاں بھی ہوتی ہیں جن میں دستکاریاں ۔مصوری ۔ کھیلیں۔ ذاتی نگہداشت کے کورسز ۔بول چال کو بہتر بنانے کیمشق کورسز وغیرہ۔ افرادی قوت کیلئے مخصوص افراد کے پیشہ وارانہ کورسز محکمہ محنت کے خصوصی مراکز میں کروائے جاتے ہیں۔ جہاں مفید اور معاشرتی کام کرنے بارے کورسز کروائے جاتے ہیں۔ اس طرح سے وہ بعدازاں کسی بھی عام ادارے میں کام کرنے کے قابل ہوسکیں گے۔

خواہشمند۔ کیا ان مراکز میں اسے مشاہرہ یا کوئی تنخواہ بھی ملے گی۔؟

CAD** معلوماتی دفتر۔ صرف خصوصی مراکز ہی مصنوعات کی تیاری کا کام کرتے ہیں جہاں اسے معاوضہ ملے گا

خواہشمند۔ کیا اسے کوئی مالی امداد وغیرہ بھی ملے گی۔؟

CAD** معلوماتی دفتر۔ مالی امداد کے حصول کیلئے آپ معذوری کی پنشن (pensió no contributiva per invalidesa) کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔اس مالی امداد کا تعین متعلقہ افراد کی آمدن کے حوالے سے کیا جاتا ہے اور اس فیملی کی آمدن جس کے ساتھ وہ رہتا ہے۔اس مالی امداد کے حصول کیلئے آپ کے پاس تجدید شدہ ریذیڈنسی اور اسپین کا رہائشی سرٹیفکیٹ جو ڈائریکٹر جنرل نیشنل پولیس (شعبہ تارکین وطن) کی جانب سے جاری کیا جاتا ہے۔

خواہشمند۔ معلومات دینے کیلئے آپ کا بہت بہت شکریہ۔کیا آپ میرے بیٹے کے انٹرویو کیلئے وقت اور ٹائم عنایت کردیں گے۔

معذور افراد کی مدد و رہنمائی کا دفتر **Centre d'Atenció a persones disminuïdes :*CAD**

## Diàleg 2: Exemple d'ajuts a les persones amb disminució

**Usuari:** - Bon dia. Tinc un fill amb una discapacitat psíquica. Voldria informació sobre els ajuts que tenen.

**CAD*:** - Bon dia, segui, si us plau.

- Quina edat té el seu fill?

**Usuari:** - Té 18 anys.

**CAD*:** - Quin grau de disminució té?

**Usuari:** - Té un certificat que li reconeix un 65% de disminució. Però voldria saber si el meu fill és capaç de treballar o de realitzar algun tipus d'activitat.

**CAD*:** - En primer lloc, haurà de tenir una entrevista amb l'Equip de Valoració i Orientació laboral d'aquest servei per valorar les seves habilitats socials, laborals i formatives. Així, podrem assessorar-lo sobre les activitats més adequades per a ell i a quin centre haurà d'assistir.

**Usuari:** - Quin tipus d'activitats es realitzen en aquests centres?

**CAD*:** - Existeixen diversos tipus de centres, els ocupacionals tenen programes d'activitats i tallers molt variats amb l'objectiu comú d'adquirir habilitats socials i laborals. A més, organitzen altres activitats complementàries, com ara manualitats, dibuix, esport, tallers d'hàbits de cura personal, de millora del llenguatge, etc.

Els Serveis Ocupacionals d'Inserció preparen les persones ateses per anar més endavant a un Centre Especial de Treball. En aquests centres realitzen feines productives i activitats per adquirir habilitats socials, a fi que en el futur puguin aconseguir un lloc de treball en una empresa ordinària.

**Usuari:** - En aquests centres li pagaran un sou?

**CAD*:** - Només els Centres Especials de Treball fan una feina productiva i, per tant, està remunerada.

**Usuari:** - Té dret a una prestació econòmica?

**CAD*:** - Poden tramitar una prestació econòmica anomenada **pensió no contributiva per invalidesa**. L'import de la pensió és variable i depèn dels ingressos personals i dels ingressos dels familiars amb qui convisqui. Per tramitar-la és necessari tenir el permís de residència actualitzat i el certificat justificatiu dels períodes de residència legal en el territori espanyol, emès per la Direcció General de Policia (secció estrangeria).

**Usuari:** - Moltes gràcies per la seva informació. Ja em pot donar dia i hora per a la visita del meu fill .

***CAD: Centre d'Atenció a persones disminuïdes**

## گفتگو نمبر 3۔ معذوری کے بارے حد معلوم کرنا

خواہشمند خاتون۔ اسلام وعلیکم۔میری بیٹی ایک حادثے کا شکار ہوگئی ہے اور اب وہ پہیوں والی کرسی کی محتاج ہے۔مجھے کسی نے بتایا ہے کہ ایسے افراد کیلئے خصوصی رہائش اور ان کیلئے پریشانی کا باعث رکاوٹیں ہٹانے کی کوئی سکیم ہے۔

CAD** علوماتی دفتر۔ وعلیکم اسلام۔پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ کو ہر صورت میں اپنی بیٹی کی معذوری کی شرح حد کے بارے میں سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی درخواست دینا چاہیے اور جو دستاویز انہیں چاہئیں وہ ساتھ لے کر جائیں

خواہشمند خاتون۔ یہ کیا ہوتا ہے۔؟

CAD** معلوماتی دفتر ۔ یہ کسی بھی شخص کی ذہنی ۔جسمانی ودماغی معذوری بارے تسلیم شدہ سرکاری دستاویز ہوتی ہے۔ماہرین کی ٹیم متعلقہ شخص کے بارے میں ایک تفصیلی جائزہ رپورٹ تیار کرتی ہے

خواہشمند خاتون ۔ اس دستاویز کا کیا فائدہ ہوگا۔؟

CAD** معلوماتی دفتر ۔ ایسے افراد جو یہ دستاویز یا سرٹیفکیٹ بنواتے ہیں۔انہیں سماجی بہبود وشہری حقوق کے ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مالی امداد مل سکتی ہے

خواہشمند خاتون ۔ کیا آپ مجھے مزید تفصیلات سے آگاہ کرسکتی ہیں۔؟

CAD** معلوماتی دفتر ۔ معذوری کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے والی ٹیم جب ایک دفعہ متعلقہ فرد کا باقاعدہ معائنہ کرنے کے بعد ایک رپورٹ بناتے ہیں جس میں اس کی معذوری کی شرح تناسب درج ہوتی ہے۔وہ آپ کو آپ کی بیٹی بارے مزید معلومات اور رہنمائی فراہم کریں گے۔اس کے علاوہ کسی جگہ کام کرنے کیلئے اس کے جسمانی معذوری بارے مطلع کریں گے۔اس کے علاوہ انہیں معذور افراد کی گاڑی کھڑی کرنے کیلئے مخصوص پارکنگ کارڈ مل سکے گا۔اس کے علاوہ اسے دوسری امداد بھی مل سکے گی۔معذور افراد کیلئے مخصوص گھر یا آپ کے گھر کو اس کی ضروریات کے مطابق بنانے میں مدد مل سکے گی۔

خواہشمند خاتون ۔ اس سلسلے میں مجھے کون سی دستاویز لانا ہوں گی۔؟

CAD** معلوماتی دفتر ۔ سرکاری فارم ۔اگر اس کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہے تو فیملی بک اسکے علاوہ ڈاکٹری رپورٹ اور اس کی اصل ریذیڈنسی کی بھی ضرورت ہوگی

خواہشمند خاتون ۔ بہت بہتر۔معلومات دینے کیلئے آپ کا بہت بہت شکریہ

CAD** معلوماتی دفتر ۔ کوئی بات نہیں

**CAD*: Centre d'Atenció a persones disminuïdes** معذور افراد کی مدد ورہنمائی کا دفتر

### Diàleg 3: Reconeixement del grau de disminució

**Usuària:** - Bona tarda. La meva filla ha patit un accident i ara va amb cadira de rodes. M'han dit que hi ha ajuts per a l'adaptació d'habitatges i l'eliminació de barreres arquitectòniques.

**CAD*:** - Bona tarda. En primer lloc, però, hauran de sol·licitar el certificat de reconeixement de discapacitat i presentar la documentació que es demana.

**Usuària:** - Què és això?

**CAD*:** - És un reconeixement legal del grau de disminució física, psíquica o sensorial d'una persona. La valoració la fa l'Equip de Valoració i Orientació d'aquest servei.

**Usuària:** - I quins avantatges té aquest certificat?

**CAD*:** - Les persones que poden acreditar el grau de disminució poden beneficir-se de diferents prestacions que té el Departament d'Acció Social i Ciutadania.

**Usuària:** - Me'ls pot explicar?

**CAD*:** - L'Equip de Valoració i Orientació, un cop feta la valoració, li donarà informació i l'assessorarà en tot allò que sigui necessari per a la seva filla. Per exemple, li podrem fer un certificat d'aptitud física per al treball. També tindrà dret a obtenir la targeta d'aparcament per a vehicles que portin persones amb disminució, també tindrà avantatges fiscals i podrà sol·licitar habitatges adaptats o

sol·licitar un ajut per adaptar el seu habitatge.

**Usuària:** - Quina documentació cal portar?

**CAD*:** - La sol·licitud en l'imprès normalitzat, un document d'identitat i el llibre de família si és menor de 16 anys. També necessitarem els informes mèdics i el permís de residència.

**Usuària:** - D'acord. Moltes gràcies per la infomació.

**CAD*:** - De res.

***CAD: Centre d'Atenció a persones disminuïdes**

## گفتگو نمبر 4۔ نشہ کے عادی افراد (toxicòmanes) کی بہتری کیلئے امدادی پروگرام

خواہشمند۔ اسلام وعلیکم۔ مجھے اپنے ایک دوست کیلئے 'سبز لائن' (**Línia Verda**) بارے معلومات چاہیے تھی۔

**XAD*** معلوماتی دفتر۔ وعلیکم اسلام۔ سبز لائین ایک ایسی سروس ہے جہاں پر آپ کو تمام ڈرگز اور نشہ آور اشیا بارے معلومات مل سکتی ہیں کہ وہ کیا ہیں اور ان کے ہماری صحت کا پر کیا برے اثرات ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں سے ہمیں مختلف بحالیاتی مراکز اور ہسپتالوں بارے مدد و رہنمائی مل سکتی ہے

خواہشمند۔ کیا یہاں ذاتی طور پر پیش ہونا لازمی ہے۔؟

**XAD*** معلوماتی دفتر۔ سبز لائن کا ایک معلوماتی ٹیلیفون نمبر **93 412 04 12** ہے جہاں انتہائی رازداری کے ساتھ معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ ایک ویب سائٹ بھی ہے (**www.lineaverda.org**)

خواہشمند۔ اور اس کے بعد بحالیاتی پروگرام شروع ہو جاتا ہے۔؟

**XAD*** معلوماتی دفتر۔ ایسے مراکز موجود ہیں۔ جہاں دن کے وقت ایسے افراد کی بہتری اور ان کو معاشرے کا سرگرم رکن بنانے کیلئے پروگرام ہوتے ہیں۔ جیسے افرادی قوت کیلئے ترتیبی و پیشہ وارانہ کام۔ عادات اطوار بارے مخصوص ترتیبی کورس وغیرہ اور ان میں احساس ذمہ داری پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے

خواہشمند۔ میرا دوست اکیلا رہتا ہے اور اسے زیادہ توجہ کی ضرورت ہے

**XAD*** معلوماتی دفتر۔ اس کے علاوہ عارضہ ہوسٹل بھی ہوتے ہیں جہاں ایسے افراد کی بحالی اور انہیں معاشرتی طور پر سرگرم رکھنے کے پروگرام ہوتے ہیں

خواہشمند۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔ بڑی مہربانی

**XAD*** معلوماتی دفتر۔ کوئی بات نہیں

**Centres d'atenció i seguiment de la Xarxa d'Atenció a les Drogodependències :*XAD**

نشہ کے عادی افراد کی ابتدائی اور مستقل مدد و رہنمائی کے مراکز

## Diàleg 4: Ajuts per a la rehabilitació de persones toxicòmanes

**Usuari:** - Bon dia. Voldria informació sobre la **Línia Verda** per a un amic meu.

**XAD***: - Bon dia. La Línia Verda és un servei on es poden realitzar consultes sobre què són les drogues i com ens afecten. També deriven a centres de tractament i recursos de la Xarxa d'Atenció a les Drogodependències.

**Usuari:** - I hi ha d'anar en persona?

**XAD*:** - La Línia Verda té un telèfon (**93 412 04 12**) que els atèn de manera confidencial. També disposa d'una adreça web de consultes: **www.lineaverda.org**

Usuari: - I un cop es comença la rehabilitació terapèutica?

**XAD*:** - Hi ha centres de dia que són serveis d'acolliment diürn que desenvolupen activitats d'inserció social, com ara programes de tipus laboral, de formació, d'adquisició d'hàbits i de responsabilitats.

**Usuari:** - El meu amic viu sol i necessitaria un seguiment més intensiu.

**XAD*:** - També hi ha residències de caràcter transitori que els proporciona el seguiment necessari i els facilita la integració a la vida comunitària.

**Usuari:** - Moltes gràcies. Ha estat molt amable.

**XAD*:** - De res.

***XAD: Centres d'atenció i seguiment de la Xarxa d'Atenció a les Drogodependències**

## گفتگونمبر 5۔ بچوں کی پرورش۔ان کے ساتھ پروگرام (Crèixer amb tu)

خواہشمند خاتون۔ ہیلو۔چھوٹے بچوں کے ماں باپ کیلئے کئے جانے والے کورس کی معلومات چاہیے تھی

OAC** معلوماتی دفتر۔ ہیلو۔براے مہربانی تشریف رکھیں۔اس پروگرام کا نام ہے بچوں کی پرورش۔ان کے ساتھ اور یہ ان خاندانوں کیلئے ہے جن کے بچے پیدائش سے تین سال تک کی عمر کے ہیں۔اس کا مقصد ایسے ماں باپ کیلئے معلومات مشق پروگرام کرانا ہے

خواہشمند خاتون۔ اس پروگرام میں کیا کچھ ہوتا ہے۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ اس پروگرام کے تحت دورے والدین کی موجودگی میں گفتگو اور لیکچر وغیرہ ہوتے ہیں۔جس میں بچوں کی پیدائش سے لے کر بڑے ہونے تک مختلف قسم کی پریشانیاں۔خوف۔شکوک وشبہات اور ان کے مسائل کے بارے میں معلوماتی پروگرام کئے جاتے ہیں۔اس کے علاوہ دو قسم کے گائڈ دی جاتی ہیں ایک پیدائش سے ڈیڑھ سال تک اور دوسری ڈیڑھ سال سے تین سال تک کے بچوں کیلئے

خواہشمند خاتون۔ اس کیلئے کتنی قیمت ادا کرنا ہوگی۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ تمام مذاکرے۔لیکچر اور گائیڈ بالکل مفت ہیں

خواہشمند خاتون۔ تو پھر میں اس پروگرام کیلئے اپنا نام لکھوانا چاہتی ہوں

OAC** معلوماتی دفتر۔ بہت بہتر۔اس سلسلے میں آپ کو تمام پروگراموں کا شیڈول بھیج دیا جائے گا

خواہشمند خاتون۔ آپ کا بہت شکریہ

OAC** معلوماتی دفتر۔ آپ کا بھی

**OAC*: Oficina d'Acció Ciutadana** شہریوں کی مدد ورہنمائی کا دفتر

## Diàleg 5: Programa "Crèixer amb tu"

**Usuària:** - Hola. Voldria informació sobre els tallers que fan per a pares i mares amb infants petits.

**OAC*:** - Hola, segui, si us plau. És un programa que es diu "**Créixer amb tu**" i està adreçat a famílies amb infants de 0-36 mesos. Té la finalitat de millorar les pràctiques educatives de les famílies.

**Usuària:** - I en què consisteix aquest programa?

**OAC*:** - S'ofereix un conjunt de xerrades-tallers juntament amb altres famílies, en les quals es parla de les angoixes, les pors, els dubtes i les alegries de ser pares i mares. També els donem dues guies, una de 0-18 mesos i una altra de 18 a 36 mesos.

**Usuària:** - I quant costa tot això?

**OAC*:** - Tant els tallers com les guies són gratuïtes.

**Usuària:** - Doncs m'agradaria apuntar-m'hi.

**OAC*:** - Molt bé. Ja li enviarem el calendari de realització dels tallers.

**Usuària:** - Moltes gràcies.

**OAC*:** - A vostè.

* **OAC: Oficina d'Acció Ciutadana**

## گفتگو نمبر 6۔ نئی ٹیکنالوجی تک رسائی کیلئے سماجی منصوبہ

خواہشمند۔ شام کا سلام۔ اومنیا پروگرام بارے معلومات چاہیے تھی

OAC** معلوماتی دفتر۔ شام کا سلام۔ اس پروگرام کے تحت شہریوں میں نئی ٹیکنالوجی متعارف کروانا ہے۔ اس کا مقصد عام لوگوں میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے نا آشنائی کو دور کرنا ہے

خواہشمند۔ اس پروگرام میں کیا کچھ ہوتا ہے۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ اس میں کسی بھی کمپیوٹر بنیادی پروگرام بارے مختصر ابتدائی کورسز ہیں۔ کس طرح سے کسی ٹیکسٹ کو استعمال کیا جاتا ہے اور ای میل ایڈریس کیسے بنایا جاتا ہے۔ انٹرنیٹ کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور جمع تفریق کا صفحہ کیسے تیار کیا جاتا ہے اور دوسری بنیادی معلومات وغیرہ

خواہشمند۔ اس پروگرام میں کون سے لوگ حصہ لے سکتے ہیں۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ اس پروگرام کیلئے کوئی بھی شخص یا تنظیم اپنا نام لکھوا سکتی ہے۔

خواہشمند۔ نام لکھوانے کیلئے ہمیں کہاں رابطہ کرنا ہوگا۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ اومنیا مرکز کے اندر ہی آپ اپنا نام درج کروا سکتے ہیں۔ پورے کتلونیا میں 111 مراکز کا جال پھیلا ہوا ہے۔

خواہشمند۔ کیا آپ مجھے ان کے مراکز کے ایڈریس عنایت کریں گے۔؟

OAC** معلوماتی دفتر۔ اس کے لئے آپ ویب سائٹ **www.xarxa-omnia.org** سے رابطہ کر سکتے ہیں

خواہشمند۔ آپ کا بہت بہت شکریہ

OAC** معلوماتی دفتر۔ کوئی بات نہیں

OAC*: **Oficina d'Acció Ciutadana** شہریوں کی مدد و رہنمائی کا دفتر

### Diàleg 6: Sobre el projecte social d'accès a les noves tecnologies " Òmnia "

**Usuari:** - Bona tarda. Voldria informació sobre el projecte **Òmnia**.

**OAC*:** - Bona tarda. És un projecte que vol acostar les noves tecnologies als ciutadans. El seu objectiu és el d'evitar l'analfabetisme digital.

**Usuari:** - En què consisteix?

**OAC*:** - Són uns tallers monogràfics de curta durada que ofereixen formació bàsica sobre informàtica: des de com utilitzar un processador de textos o el correu electrònic, fins com navegar per internet o conèixer un full de càlcul o una base de dades.

**Usuari:** - A qui va adreçat?

**OAC*:** - S'hi pot apuntar qualsevol persona i també entitats.

**Usuari:** - I on ens podem apuntar?

**OAC*:** - Al mateix centre Òmnia. Hi ha 111 centre repartits per tot Catalunya.

**Usuari:** - Em pot facilitar l'adreça?

**OAC*:** - A la web **www.xarxa-omnia.org** trobarà el centre més proper al seu domicili.

**Usuari:** - Moltes gràcies.

**OAC*:** - De res.

* **OAC: Oficina d'Acció Ciutadana**

### گفتگونمبر 7۔ پروگرام 'متحرک نوجوان'

خواہشمند۔ اسلام وعلیکم۔کیا آپ مجھے پروگرام "متحرک نوجوان" بارے معلومات فراہم کر سکتے ہیں

سوک سنٹر۔ ہیلو۔اس پروگرام کے تحت 12 سال سے 18 سال تک کے بچوں کیلئے سوک سنٹر میں مختلف قسم کی سرگرمیوں رکھی جاتی ہیں۔ ہر علاقے میں اس کی ضروریات کے مطابق پروگرام تشکیل دیئے جاتے ہیں

خواہشمند۔ آپ کے اس سنٹر میں کون کون سی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔؟

سوک سنٹر۔ اس مرکز میں بچوں میں کو اعتمادی پیدا کرنے کا پروگرام (دوسروں کی بات سننا۔جذباتی ذہانت۔مثبت سوچ کا شعور) سے لے کر دوسرے معلوماتی پروگرام برائے صحت (صحت مند شرب۔موجودہ اقدار وغیرہ) اس کے علاوہ وڈیو فورم۔تفریحی ٹورز۔بیرونی کھیلوں کی سرگرمیاں۔ٹیبل ٹینس۔فٹ بال۔شیطانی کورس اور مصوری وغیرہ شامل ہیں۔

خواہشمند۔ ان پروگراموں میں نام درج کروانے کیلئے کیا کرنا پڑے گا۔؟

سوک سنٹر۔ اس کیلئے آپ کو اس مرکز کا رکن بننا ہوگا۔ممبر شپ کارڈ بنوانے کیلئے دو فوٹو۔والدین یا سرپرست کا اجازت نامہ اور سوشل سیکورٹی کارڈ کی فوٹو کاپی لانا ہوگی

خواہشمند۔ بہت بہتر!

### Diàleg 7: Programa "Jove en Acció"

**Usuari:** - Bon dia. Em pot explicar el programa "**Jove en Acció**"?

**Casal Cívic:** - Hola. És un conjunt d'activitats programades per a joves de 12 a 18 anys als

equipaments cívics. Cada barri té una programació concreta, en funció de les seves necessitats.

**Usuari:** - En aquest casal, quines activitats hi ha?

**Casal Cívic:** - Aquí trobaràs des de tallers d'autoconeixement (aprendre a escoltar, la intel·ligència emocional, l'optimisme, etc.) fins a tallers de sensibillització (begudes saludables, sobre valors d'avui, etc.). A part d'això, també s'organitzen videofòrums, sortides i excursions, jocs d'exterior, tennis de taula, futbol, taller de diables, de grafits, etc.

**Usuari:** - Què cal fer per apuntar-s'hi?

**Casal Cívic:** - Cal fer-se'n soci. Per fer-se el carnet de soci haurà de portar 2 fotos, el full d'autorització paterna, materna o del tutor i una fotocòpia de la cartilla de la Seguretat Social.

**Usuari:** - D'acord.